


4431CH01

# 1

## حمد

تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی! کیا آسماں بنایا!
مٹّی سے بیل بوٹے کیا خوش نُما اُگائے
پہنا کے سَبز خِلعَت اُن کو جَواں بنایا
میوے لگائے کیا کیا، خوش ذائقہ رسیلے
چکھنے سے جن کے مجھ کو شیریں دَہاں بنایا


© NCERT not to be republished



سورج بنا کے تو نے رَونق جہاں کو بخشی
رہنے کو یہ ہمارے اچھّا مکاں بنایا
کیا دودھ دینے والی گائیں بنائیں تو نے
چڑھنے کو میرے گھوڑا کیا خوش عِناں بنایا
آبِ رواں کے اندر مچھلی بنائی تو نے
مچھلی کے تیرنے کو آبِ رواں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

—اسماعیل میرٹھی

© NCERT not to be republished



# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

| لفظ | معنی |
|---|---|
| جہاں | دنیا |
| بیل بُوٹے | نقش و نگار (پتّوں، پھولوں، درختوں کی تصویریں جو کپڑوں، کاغذوں، پتّھروں وغیرہ پر بنائی جاتی ہیں) |
| خوش نما | خوب صورت، اچھی صورت والا |
| خِلعَت | لباس، پوشاک |
| سَبز | ہرا |
| میوہ | خشک پھل |
| شیریں | میٹھا |
| دَہاں | منھ، دہن کی جمع |
| خوش عِناں | اچھی چال والا، اچھی رفتار والا |
| رونق | چمک دمک، چہل پہل |
| آب | پانی |
| آبِ رواں | بہتا ہوا پانی |
| رائیگاں | بے کار، بے وجہ |

NCERT not to be republished

## سوچیے اور بتائیے

1. شاعر کن چیزوں کی وجہ سے خدا کی تعریف کر رہا ہے؟

2. نظم میں شاعر نے بیل بوٹے کو مٹّی سے اُگایا ہوا کیوں کہا ہے؟

3. گائے اور گھوڑے ہماری زندگی میں کیا اہمیت رکھتے ہیں؟

4. سورج سے دنیا کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

5. مچھلی کے لیے پانی کیوں ضروری ہے؟

6. شاعر نے نظم میں کارخانہ کسے کہا ہے؟

© NCERT not to be republished

## شعر مکمل کیجیے

تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا ______

______ پہنا کے سبز خلعت اُن کو جواں بنایا

سورج بنا کے تو نے رونق جہاں کو بخشی ______

______ مچھلی کے تیرنے کو آبِ رواں بنایا

## دیے ہوئے الفاظ کے متضاد لکھیے

| الفاظ | زمین | خوش نما | جوان | چڑھنا | رونق | رائیگاں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| متضاد | | | | | | |

## درست املا والے لفظ پر دائرہ بنایئے اور سامنے لکھیے

- خوس کھوش خوش ______
- لباس لباص لبات ______
- سورز صورج سورج ______
- کھاک خاک خاق ______
- کارکھانہ قارخانہ کارخانہ ______

© NCERT not to be republished

## بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

خوش نما ______ ______ ______ ______ ______

خِلعَت ______ ______ ______ ______ ______

ذائقہ ______ ______ ______ ______ ______

شیریں ______ ______ ______ ______ ______

کارخانہ ______ ______ ______ ______ ______

## پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

- اس مصرعے کو غور سے پڑھیے

رہنے کو یہ ہمارے اچھا مکاں بنایا

اس مصرعے میں لفظ 'اچھا' مکان کی خوبی کو ظاہر کرتا ہے۔

ایسے الفاظ جو کسی اسم کی خوبی، خامی، کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں انھیں 'صفت' کہتے ہیں۔

- اس نظم سے چار صفت تلاش کر کے لکھیے

© NCERT not to be republished

## کیجیے

خدا کی بنائی ہوئی کچھ چیزوں کے نام لکھیے

اپنے پسندیدہ پھلوں کی تصویریں بنائیے، ان میں رنگ بھریے اور ان کے نام لکھیے

© NCERT not to be republished

## لطیفہ / چٹکلہ

ایک بچہ رو رہا تھا۔ باپ نے رونے کا سبب پوچھا تو بولا:
ایک روپیہ دیں تو بتاؤں گا۔
باپ نے جلدی سے روپیہ دیا اور کہا: بتاؤ کیوں رو رہے تھے؟
"اِس روپے کے لیے ہی رو رہا تھا۔" بیٹے نے چُپ ہوتے ہوئے جواب دیا۔

© NCERT not to be republished

### اساتذہ کے لیے ہدایات

- بچّوں سے اس نظم کو زبانی یاد کرا کے گروپ میں اسکول کی اسمبلی میں پیش کرایا جاسکتا ہے۔
- خدا کی بنائی ہوئی بے شمار چیزوں میں صرف دو چیزوں کے نام اور ان سے حاصل ہونے والے دو فائدے بھی لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- اساتذہ طلبا کو 'حمد' نظم کی منفرد خصوصیت سے بھی متعارف کرا سکتے ہیں نیز کچھ اور حمد پر مشتمل نظموں کی طرف طلبا کی راہ نمائی بھی کر سکتے ہیں۔